URDU

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

# دواؤں کا اجازت نامہ

## بری الذمہ قرار دینے اور ہرجانہ ادا کرنے کا معاہدہ

**براہِ مہربانی کاغذ کی پچھلی طرف درج معلومات اور ضابطے پڑھیں براہ مہربانی ہر دوائی کے لیئے ایک الگ فارم استعمال کریں**

**پارٹ I والد/ والدہ یا سرپرست کی طرف سے مکمل کیا جانا چاہئیے**

میں فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS)، فیئر فیکس کاؤنٹی ہیلتھ ڈپارٹمنٹ (FCHD) اور اسکول ایج چائلڈ کئیر(SACC) کے عملے سے درخواست کرتا/ کرتی ہوں کہ وہ اس اجازت نامے کی ہدایات کے مطابق دواؤں کا استعمال کریں۔ میں FCPS،FCHD،SACC اور ان اداروں کے کسی افسر، عملے کے افراد یا ایجنٹ کو دواؤں کے استعمال میں مدد دینے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی مقدمے، دعوے، اخراجات، مطالابات یا کارروائی سے محفوظ رکھنے، ہرجانہ ادا کرنے اور بری الذمہ قرار دینے پر رضامند ہوں، بشرطیکہ FCPS، FCHD اور SACC کے عہدیداروں نے درج ذیل پارٹ II میں درج لائسنس یافتہ فراہم کنندہ، والد یا والدہ یا سرپرست کی ہدایات کی پابندی کی ہو۔ **میں نے اس فارم کے پچھلی طرف بیان کردہ ضابطے پڑھ لیئے ہیں اور ذمہ داری قبول کرتا/ کرتی ہوں۔**

کیا طالب علم پہلے یہ دوا لے چکا ہے؟ ☐جی ہاں ☐ جی نہیں (جی نہیں کی صورت میں، دوا کا منفی اثر دیکھنے کے لیئے، طالب علم کو پہلی خوراک گھر پر دینی لازمی ہے)
پہلی خوراک کی: تاریخ__________وقت __________

| | | |
|---|---|---|
| طالب علم کا نام: آخری | پہلا | درمیانہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تاریخ پیدائش | اسکول کا نام | تعلیمی سال | گریڈ |

اسکول بورڈ کا کوئی ملازم ، اسکول کی نرس، یا کلینک روم ایڈ، اسکول کی پالیسی کے استثنا کے طور پر کوئی دوا نہیں دے گا اور نہ علاج کرے گا، جب تک کہ تمام ضروری اجازت ناموں کا پرنسپل یا انکے نامزد کردہ فرد نے ذاتی طور پر جائزہ نہ لے لیا ہو۔ ضرورت پڑنے پر، معلومات واضح کرنے کے لیئے، میں درج ذیل لائسنس یافتہ فراہم کنندہ سے رابطہ کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

والد /والدہ یا سرپرست کے دستخط __________ دن کا ٹیلی فون نمبر __________ تاریخ __________

**پارٹ II والد/ والدہ یا سرپرست، مسلسل دس تعلیمی دنوں تک کے لیئے سردرد ، پٹھوں کے درد ، دانت کے درد یا حیض کے درد سے آرام حاصل کرنے کے سلسلے میں، مینوفیکچرر کی ہدایات کے مطابق، بغیر نسخے کے ملنے والی دواؤں اور اینٹی بائیوٹک اور اینٹی وائرل دواؤں کے لیئے، یہ حصہ مکمل کر کے اس پر دستخط کریں گے۔ دوسری تمام دواؤں کے لیئے، لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کو فارم مکمل کرنا اور دستخط کرنا ضروری ہے۔**

فیئر فیکس کاؤنٹی کے محکمہ صحت اور فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز، اس بات کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں کہ کوئی بھی طالب علم اسکول میں اسکول کے اوقات کے دوران دوائیاں استعمال کرے۔ ایسی تمام دوائیں جو ممکنہ طور پر اسکول کے اوقات سے پہلے یا بعد میں لی جا سکتی ہیں، ان کے بارے میں اسی قسم کی ہدایات دی جانی چاہیں۔ انجکشن کے ذریعے دی جانے والی دوائیں ، سوائے مخصوص ایمرجنسی حالات کے، اسکول میں نہیں دی جاتیں۔ جب ایسا کرنا انتہائی ضروری ہو ، اسکول کے عملے کے لوگ اسکول کے اوقات کے دوران، اسکول کے باہر تعلیمی پروگرام کے دوران اور رات بھر کے فیلڈ ٹرپ کے دوران، اس فارم کے پچھلی طرف بیان کردہ ضابطوں کے مطابق دوائیں دیں گے۔ معلومات عام زبان اور کسی مخفف کے بغیر لکھی جائیں۔

تشخیص

| | |
|---|---|
| ادویات | طریقہ کار (منہ کے ذریعے، انجیکشن، سانس کے ذریعے کھینچ کر، جلد پر لگا کر، مسوڑوں یا گال کے اندر، بذریعہ مقعد وغیرہ) |

اگر دوا صرف ضرورت کے وقت دی جاتی ہے تو ان حالات اور علامتوں کے بارے میں واضح طور پر بیان کریں اور دوائی دوبارہ دینے والے وقت کی بھی نشاندہی کریں۔

| | |
|---|---|
| اسکول یا SACC کے دوران دی جانے والی خوراک کی مقدار، (مثال کے طور پر ملی گرام، ملی لٹر یا سی سی) | دوا دینے کے اوقات یا دوا دینے کے درمیان کا وقفہ |
| مؤثر تاریخ:__________ **موجودہ تعلیمی سال یا** ☐سے__________ ☐تک __________ | اکر طالب علم ایک ہی جیسی علامت (علامات) کے لیئے، ایک سے زائد ادویات لیتا ہے، فہرست بنائیں جس تسلسل میں دوائیں لینی ہیں: |

لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کا نام (پرنٹ یا ٹائپ کریں) __________ لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کے دستخط __________ ٹیلی فون یا فیکس __________ تاریخ __________

والدین یا سرپرست کا نام (پرنٹ یا ٹائپ کریں) (لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کے دستخط ہونے کی صورت میں درکار نہیں) __________ والد/ والدہ یا سرپرست کے دستخط __________ ٹیلی فون __________ تاریخ __________

**پارٹ III پرنسپل یا نامزد کردہ فرد کی طرف سے مکمل کیا جانا چاہئیے**

موضوں خانے پر √ کا نشان لگائیں :

☐ درج بالا پارٹ I اور II دستخط سمیت مکمل ہیں۔ (پارٹ II کی تمام معلومات اس صورت میں بھی قابل قبول ہیں کہ اگر وہ لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کے دفتر کی اسٹیشنری یا نسخے والے پیڈ پر ہیں۔)
☐ دواؤں پر مناسب طرح سے لیبل لگے ہوئے ہیں۔__________وہ تاریخ جب والد/ والدہ یا سرپرست میں سے کوئی آ کر غیراستعمال شدہ دوائی لے جا سکتا ہے۔
( اس منظوری کی معیاد ختم ہونے کے بعد، ایک ہفتے کے اندر اندر یا اسکول کے آخری دن)

پرنسپل یا نامزد کردہ کے دستخط __________ تاریخ __________

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے، طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والد/ والدہ، سرپرست یا اہل طالب علم کی رضا مندی کے بغیر ، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔

## ادویات کے استعمال کے بارے میں، والد یا والدہ/ سرپرست کے لیئے معلومات

1. جہاں تک ممکن ہو، دوائیں گھر پر ہی لی جانی چاہئیں تا کہ طالب علم کی کلاس کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو یا اس کا لنچ کا وقفہ مختصر نہ ہو۔ اسکول یا SACC میں لی جانے والی کسی بھی دوا کے لیئے، والد/ والدہ یا سرپرست کی طرف سے دستخط شدہ اجازت نامہ ہونا چاہیئے؛ کچھ دواؤں کے لیئے ڈاکٹر کی منظوری کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ تمام دوائیں اسکول کے دن کے دوران، اسکول کے ہیلتھ روم میں یا اسکول کے منظور شدہ کسی دوسرے مقام پر رکھنی چاہیں۔ **والدین یا سرپرست ہی اسکول سے دوائیں لانے لے جانے کے مجاز ہیں، سوائے اس کے کہ ہائی اسکول کے طالب علم، غیرنسخہ جاتی ادویات اسکول کے ہیلتھ روم میں لا سکتے ہیں اور واپس لے جا سکتے ہیں۔**

2. اسکول یا SACC کا عملہ دواؤں کے متعلقہ اور مکمل فارمز کی وصولی کے بغیر، کوئی بھی دوا قبول کرنے کا مجاز نہیں۔ ایک وقت میں، اسکول کے اندر، دوا کی صرف 30 دنوں کی خوراک لانی چاہیئے۔

3. لائسنس یافتہ فراہم کنندہ، پارٹ II مکمل کرنے کے بجائے، اپنے دفتر کی اسٹیشنری یا نسخہ لکھنے والا پیڈ استعمال کر سکتا ہے۔ درج ذیل معلومات عام زبان اور کسی مخفف کے بغیر شامل کریں:

- طالب علم کا نام
- تاریخ پیدائش
- دوائیں لینے کی وجہ یا تشخیص
- دوا کا نام
- اسکول میں لینے والی خوراک کی صحیح مقدار (مثال کے طور پر؛ ملی گرام، ملی لیٹر یا سی سی وغیرہ)
- دینے کا طریقہ
- دوا لینے کا وقت اور کتنی بار لینی ہے یا خوراکوں کے درمیان کا وقفہ بیان کیا جانا چاہیئے
- اگر طالب علم ایک سے زیادہ دوائیں لے رہا ہے تو دوائیں لینے کی ترتیب
- اگر دوا صرف ضرورت کے وقت دی جاتی ہے تو ان حالات اور علامتوں کو واضح طور پر بیان کریں کہ دوا کب دینی ہے اور دوبارہ کس وقت دینی ہے۔ (صرف "بووقت ضرورت" کہ دینا قابل قبول نہیں )
- دوا کے آرڈر کی مدت یا مؤثر تاریخیں
- لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کے دستخط اور تاریخ

4. تمام نسخہ جاتی ادویات ، بشمول ڈاکٹر کی طرف سے دی جانے والی نسخہ جاتی دوائیوں کے سیمپل اپنے اصلی ڈبوں میں **<u>ہونے چاہئیں</u>** اور لائسنس یافتہ فراہم کنندہ یا فارماسسٹ کی طرف سے لیبل لگے ہوئے ہونے چاہئیں۔ بغیر نسخے کے ملنے والی دوائیں **<u>لازمی طور پر</u>** اپنے اصلی ڈبے میں ہونی چاہئیں اور اس پر ان کا نام واضح طور پر نظر آنا چاہئیے۔ والد/ والد یا سرپرست کو اصلی ڈبے پر درج ذیل معلومات درج کرنی چاہئیں:

- طالب علم کا نام
- دینے کا طریقہ
- اسکول میں لینے والی خوراک کی صحیح مقدار (مثال کے طور پر؛ ملی گرام، ملی لیٹر یا سی سی وغیرہ)
- خوراک کتنی بار لینی ہے یا کتنی دیر بعد لینی ہے

5. **کسی بھی نئی دوا کی پہلی خوراک گھر پر دی جانی چاہئیے۔**

6. ہر نئے تعلیمی سال کے شروع ہونے پر یا جب کبھی خوراک میں یا ان حالات میں ، جن میں دوا لینی جاتی ہے، کوئی تبدیلی ہوتی ہے، تو والدین یا سرپرست کے لیئے اسکول اور SACC کو ایک نیا فارم پیش کرنا ضروری ہے۔ ہر دوا کی پہلی خوراک گھر پر دی جائے گی۔

7. اسکول میں رکھی جانے والی دوائیں ایسی جگہ رکھی جائیں گی جہاں تالہ لگا ہو اور صرف مجاز افراد کی رسائی ممکن ہو۔

8. اس منظوری کی مدت ختم ہو جانے کے ایک ہفتے کے اندر اندر یا اسکول کے آخری دن والد/ والدہ یا سرپرست کو، غیر استعمال شدہ دوا اسکول سے واپس لے جانی چاہیئے۔ اس وقت کے دوران جو دوائیں واپس نہیں لی جائیں گی انہیں تلف کر دیا جائے گا۔

9. طالب علم کو دوا لینے کے لئے ، مقررہ وقت پر ، اسکول کے ہیلتھ روم میں یا پہلے سے طے کی ہوئی کسی دوسری جگہ پر آنا ضروری ہے۔ والد/ والدہ یا سرپرست کو، طالب علم کے ساتھ مل کر ایسا پلان بنانا چاہئیے کہ طالب علم مناسب وقت پر اسکول کے ہیلتھ روم میں پہنچ جائے۔ **دوائیں مقررہ وقت سے صرف نصف گھنٹہ پہلے یا بعد میں ہی دی جا سکتی ہیں۔**

10. اگر کوئی طالب علم بلا اجازت کوئی دوا خود لے لیتا ہے تو فیئر فیکس کاؤنٹی کے محکمہ صحت یا فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز اور فیئرفیکس کاؤنٹی اسکول ایج چائلڈ کئیراس کے لئے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتے۔

11. ہیلتھ، اسکول یا SACC کے عملے کے کسی بھی فرد کو ، کسی بھی حالت میں ، یہاں بیان کردہ ضابطوں اور / یا فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کے ضابطوں کے خلاف دوا دینے کی اجازت نہیں ہے

12. والد/ والدہ یا سرپرست کو، اسکول کے دن اورSACC کے دوران، دی جانے والی درکار ادویات، FCPS اور SACC کو فراہم کرنی چاہئیں۔